محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ پکڑی جبرئیل علیہ السّلام نے اس سفر میں ان

السَّفَرِ زِمَامَہٗ وَیَرٰی مَا خَلْفَہٗ كَمَا یَرٰی مَآ اَمَامَہٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کی سواری کی لگام اور جو دیکھتے تھے پیچھے سے جیسے دیکھتے تھے آگے سے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ كَانَ

و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور آل سیّدنا محمّد پر کہ آپ جب کبھی (کعبہ کے گرد)

كُلَّمَا طَافَ قَبْلَ ظُهُوْرِ الْاِسْلَامِ خَرَّ لَہُ الْاَصْنَامُ سٰجِدِیْنَ اَللّٰهُمَّ

طواف کرتے ظہور اسلام سے پہلے تو گر پڑتے اصنام حرم ان کے لیے سجدہ میں۔ اے اللہ

اِنِّیْ اَحْمَدُكَ عَلٰی شَرَفِ تَوَسُّلِیْ بِاَشْرَفِ الْوَسَآئِلِ مُحَمَّدٍ صَلَّی

میں تیری حمد کرتا ہوں میرے توسل کو مشرف کرنے پر ساتھ افضل ترین وسیلہ یعنی محمّد کے صلی

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَسْتَعِیْنُكَ فِیْ جَمِیْعِ اُمُوْرِیْ بِجَاهِهِ الْاَعْلٰی

اللہ علیہ وسلّم۔ اور میں تجھ سے استعانت کرتا ہوں اپنے تمام امور میں ان کے اعلیٰ مرتبہ اور

وَسِرِّہِ الْاَعْلٰی اِفْتَحْ لَنَا بَابَ حَضَرَاتِہٖ وَاجْعَلْنَا مِنْ اَهْلِ شُهُوْدِ

بلند تر سر حقیقت کے طفیل۔ کھول ہم پر ان کے حریم ناز کا دروازہ اور بنا دے ہمیں ان کی ذات اقدس کا مشاہدہ

ذَاتِہٖ وَقَرِّبْنَا لَدَیْہِ فِیْ كُلِّ مَشْهَدٍ وَّحَقِّقْنَا بِہٖ فِیْ كُلِّ مَهْبَطٍ وَّ

کرنے والوں سے اور ہمیں قریب فرما ان کے ہر مقام شہود میں اور انہیں کی بدولت قائم و ثابت رکھ ہر مقام نزول و

مَصْعَدٍ وَّاَنِلْ اٰلَہٗ وَصَحْبَہٗ مِمَّآ اَنَلْتَہٗ مِنَ التَّسْلِیْمِ بِالتَّبْعِیَّۃِ یَا

صعود میں اور پہنچا ان کی آل اور اصحاب کو ان کے طفیل میں وہ تسلیمات جو انہیں عطا کئے ہیں اے

عَلِیُّ یَا حَلِیْمُ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا بِتَرْقِیَۃٍ وَّاسْقِنَا بِتَسْقِیَۃٍ مِّنْ

بزرگ و برتر۔ اے حلم والے۔ اے اللہ ہمیں ترقی عطا کر اور ہمیں پلا اپنے عرفان کے

حَوْضِ عِرْفَانِكَ الْمَآءَ الْبَارِدَ مِنْ حَیَاۃٍ اَبَدِیَّتِكَ لَا نَظْمَا بَعْدَهَا

حوض سے ٹھنڈا پانی حیات ابدیہ والا جس کے بعد کبھی ہم پیاسے

اَبَدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

نہ ہوں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ بَیَّنَ حِلْیَۃَ الْمَرْاَۃِ الْمَخْطُوْبَۃِ لِعَآئِشَۃَ اُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ

کہ جس محبوب نے (انوار نبوت سے) بیان فرما دیا اپنی مخطوبہ کا حلیہ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِیْ بُوْرِكَ بِہٖ طَعَامُ اَبِیْ اَیُّوْبَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اَللّٰهُمَّ

کہ جن کی بدولت بابرکت کیا گیا حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ کا کھانا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جلا دیا

اَحْرَقَتْ مَعْشَرَ النَّصَارٰی مِنْ اَجْلِہِ النَّارُ الَّتِیْٓ اَنْزَلَ اللّٰہُ عَلَّامُ

نصرانیوں کی جماعت کو ان کی وجہ سے آگ نے جس کو نازل فرمایا اللہ غیبوں کے جاننے

الغیوب اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا

والے نے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

محمد الذی بیّن لحلیمۃ شانہ الغنم والحمار اللّٰھم صل وسلم

پر کہ بیان کیا حلیمہ سعدیہ پر ان کی شان کو بھیڑ بکریوں اور درازگوش نے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی وضع رجلہ علی

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے رکھا اپنا پائے ناز

حجر فخرجت من تحت قدمہ نخلۃ عظیمۃ اللّٰھم صل وسلم

پتھر پر تو آپ کے قدم مبارک کے نیچے سے عظیم کھجور برآمد ہو گئی ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی ما نبت بہ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ نہ اُگا بسبب ان کے

رباعیۃ اولاد من کسر رباعیتہ الکریمۃ اللّٰھم صل وسلم

اس شخص کی اولاد کا سامنے والا دانت جس نے آپ کے دانت (کا کنارہ) توڑا تھا ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی کان یختفی الضب

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ چھپ جاتا تھا سوسمار

الذی کان فی بیتہ حین دخولہ البیت ویخرج حین خروجہ من

جو آپ کے گھر میں رہتا تھا آپ کے گھر میں تشریف لانے پر اور ظاہر ہوتا تھا آپ کے گھر سے باہر

بیتہ اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد

تشریف لے جانے پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الذی صار بہ الجلد حریرا للحسنین اللّٰھم صل وسلم علی

کہ ہو گئی آپ کی بدولت سخت زمین مانند ریشم کے واسطے حسنین رضی اللہ عنہما کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی رای سریرۃ اصحمۃ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جنہوں نے دیکھ لیا اصحمہ نجاشی کے جنازہ کو

من مسیرۃ شہرین بحدقاتہ اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا

دو ماہ کی مسافت سے سر کی آنکھوں سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی رای عائشۃ بعد کمال

محمد پر اور آل سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے دیکھا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ان کی تخلیق وتکمیل پر

الخلق والتصویر وحملھا الملک فی خرقۃ من حریر اللّٰھم صل

اور اٹھائے ہوئے تھا فرشتہ انہیں ریشمی کپڑے میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ

وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی حذّث

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جنہوں نے آگاہ فرمایا

قریشا بقدوم العیر علیھم من الشام اللّٰھم صل وسلم علی

قریش کو ان کے شام سے قافلۂ تجارت کی آمد کے متعلق ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی اخبر اصحابہ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب نے خبر دی اپنے اصحاب کو

بخواص الاسرای وبما رای من اٰیات ربہ الکبرٰی اللّٰھم

اسراء کے خواص کی اور جو دیکھی تھیں اپنے رب کی بڑی آیات ۔ اے اللہ

صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جن کے لیے

انکفأ لہ القدح فی الظلام اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد

الٹ گیا پیالا تاریکی میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وعلی اٰل سیدنا محمد الذی اخبر قریشا برؤیۃ العیر واین بات

اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی قریش کو (شب اسراء) ان کا قافلہ دیکھنے کی اور جہاں اس نے رات گزاری ۔

اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے

اَخْبَرَ قُرَیْشًا وَّاسْتَبْطَؤُا خَبَرَہٗ وَمَنَعَ اللّٰہُ لَہُ الشَّمْسَ حَتّٰی قَدِمَ
قریش کو خبر دی اور انہوں نے اس کو مؤخر جانا اور روک دیا اللہ تعالیٰ نے آپ کیلیے سورج کو حتیٰ کہ آ گیا وہ قافلہ
عَلَیْھِمْ قَبْلَ مُضِیِّ النَّھَارِ وَھُمْ یَنْتَظِرُوْنَ اِلَیْھَا بِالْاَبْصَارِ اَللّٰھُمَّ
ان پر دن چڑھنے سے قبل جبکہ وہ اس کی طرف دیکھ رہے تھے سر کی آنکھوں سے۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جنہوں نے خبر دی
بَعْضَ صَحَابَتِہٖ وَقَرَابَتِہٖ بِحُلَّۃٍ لِّاُوَیْسِ الْقَرَنِیِّ وَشَفَاعَتِہٖ
اپنے بعض صحابہ کو اور قرابتداروں کو اویس قرنی کے لباس کی اور شفاعت کرنے کی
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے
اَخْبَرَ السَّیِّدَیْنِ اَشْعَلَ الْعَیْنَیْنِ بَعِیْدَ مَا بَیْنَ مَنْکِبَیْنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
خبر دی سیّدین (عمر و علی رضی اللہ عنہما) کو کہ (اویس) روشن آنکھوں والے اور چوڑے کندھوں والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ اَنَّہٗ
و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے خبر دی کہ اویس لگائے ہوئے ہونگے
ضَارِبٌ بِذَقَنِہٖٓ اِلٰی صَدْرِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اپنی ٹھوڑی کو سینہ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر
وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ اَنَّہٗ رَامٍ بِبَصَرِہٖٓ اِلٰی مَوْضِعِ
اور ان کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ وہ اپنی نظروں کو مقام
سُجُوْدِہٖ وَوَاضِعٌ یَمِیْنَہٗ عَلٰی شِمَالِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
سجود پر لگائے ہوئے ہوں گے اور دائیں ہاتھ کو بائیں پر رکھے ہوں گے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ اَنَّ تَحْتَ مَنْکِبِہِ الْاَیْسَرِ
محمّد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے خبر دی کہ اویس رض کے بائیں کندھے کے نیچے برص

لُمْعَۃٌ بَیْضَآءُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
کا سفید داغ ہوگا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ اَنَّہٗ مُعْتَدِلُ الْقَامَۃِ شَدِیْدُ الْاُدْمَۃِ ذُوْ رَاْفَۃٍ وَّرَحْمَۃٍ
پر جس محبوب نے خبر دی کہ اویس میانہ قد سخت گندم گوں اور رأفت ورحمت کے پیکر ہیں
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے
اَخْبَرَ اَنَّہٗ یَشْفَعُ فِیْ کَثِیْرٍ مِّنْ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
خبر دی کہ اویس اس اُمّت کے بہت سے افراد کی شفاعت کریں گے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ وَھُوَ کَانَ یَقْرَاُ
سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس آقا نے خبر دی کہ وہ
الْقُرْاٰنَ وَیَبْکِیْ عَلٰی نَفْسِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
قرآن پڑھتا تھا اور روتا تھا اپنے نفس پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر
وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَمَّی ابْنَ اُمِّ الْفَضْلِ الَّتِیْ جَآءَتْ
اور آپ کی آل پر کہ جس آقا نے ام الفضل کے بیٹے (عبداللہ) کا نام رکھا ابوالامراء (خلفاء کا باپ) جنکو لیکر
بِہٖٓ اِلَیْہِ حِیْنَ وَلَدَتْہُ اَبَا الْاُمَرَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
آپ کی بارگاہ میں آئی تھیں جبکہ اسے جنم دیا تھا" اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ اَتَاہُ الرُّوْحُ الْاَمِیْنُ مِنْ
محمّد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب کے پاس آئے روح الامین
عِنْدِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
رب العالمین کی طرف سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور
عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَرْکَبَہُ الْبُرَاقُ وَخَرَقَ السَّبْعَ الطِّبَاقَ
آپ کی آل پر جنہیں براق نے اپنے اوپر سوار کیا اور جنہوں نے پھاڑا ساتوں آسمانوں کو

بِمُبَاشَرَةِ جَمَالِ الْجَلَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اپنے جلال جمال آمیز کی مدد سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ زُفَّتْ عَلَيْهِ مُخَدَّرَاتُ الْكَوْنَيْنِ

اور آپ کی آل پر جن پر جمع کی گئیں کونین کی مستور اشیاء

وَاَسْرَارُ الْكَوْنَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

اور کونین کے اسرار ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ شَرُقَتْ عَلَيْهِ اُمُوْرُ الدَّارَيْنِ وَعُلُوْمُ

کی آل پر جس محبوب پر روشن ہوئے دارین کے امور اور

الثَّقَلَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

ثقلین کے علوم ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَتَتْهُ رُؤَسَآءُ الرُّسُلِ مُسَلِّمَةً عَلَيْهِ وَهُوَ بِالْاُفُقِ

آل پر جس محبوب کے پاس مرسلین کے سردار سلام پیش کرنے کیلئے حاضر ہوئے جبکہ آپ آسمان

الْاَعْلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

بالا پر تھے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ اَقْبَلَتْ مُلُوْكُ الْاَمْلَاكِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ تَسْعٰى بَيْنَ يَدَيْهِ

پر کہ جس محبوب کی طرف متوجہ ہوئے ملائکہ کے بادشاہ درآنحالیکہ دوڑتے تھے ان کے آگے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر

دُهِشَتْ بِجَمَالِهٖ اَبْصَارُ سُكَّانِ الصَّفِيْحِ الْاَسْمٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کہ جن کے جمال سے مدہوش ہو گئیں بلندترین مقام پر رہنے والوں کی آنکھیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَشَعَتْ

و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جھک گئیں

لِهَيْبَتِهٖ اَعْنَاقُ اَهْلِ السُّرَادِقَاتِ الْاَسْنٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جن کی ہیبت کے آگے گردنیں روشن خیموں والوں کی ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَضَعَتْ لِعِزَّتِهٖ

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جھک گئے ان کی عزت کے لیے

رُءُوْسُ اَصْحَابِ صَوَامِعِ النُّوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

نورانی عبادت گاہوں والوں کے سر ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ شَخَصَتْ لِكَمَالِ مَجْدِهٖ اَعْيُنُ

محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ بلند ہوئیں ان کے (مشاہدۂ جمال) کے لیے

الْكَرُوْبِيِّيْنَ وَالرُّوْحَانِيِّيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کروبیین اور روحانیوں کی نگاہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ وَقَفَتْ لَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ صُفُوْفًا مِّنَ

اور آپ کی آل پر کہ کھڑے ہوئے جس محبوب کے لیے ملائکہ مقربین

الْمُقَرَّبِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

صفیں باندھ کر ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ ابْتَهَجَتْ بِهٖ حَظَآئِرُ الْقُدْسِ بِاَوَّلِ زَجَلِ الْمُسَبِّحِيْنَ

پر کہ خوش ہو گئے جن کی بدولت مقدس محفوظ مکانات (عالم بالا کے) تسبیح کہنے والوں کی پہلی گونج سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىٓ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ

اهْتَزَّ الْعَرْشُ وَالْكُرْسِىُّ طَرَبًا بِرُؤْيَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

جھوم اُٹھے عرش اعظم اور کرسی ان کے دیدار کی خوشی سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ زُيِّنَتِ الْجِنَانُ وَالْحُوْرُ

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ مزین کیا گیا جنتوں اور خوبصورت حوروں کو

الحسان فرحًا لمقدمه اللّٰھم صلّ وسلّم علٰی سیّدنا محمّدٍ

ان کی تشریف آوری کی خوشی میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وّعلٰی اٰل سیّدنا محمّدٍ الّذی به افتخر العلٰی علی الثّرٰی بما

اور آپ کی آل پر کہ جن کے ساتھ فخر کیا بلندیوں نے پستیوں پر بسبب

راٰی اللّٰھم صلّ وسلّم علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی اٰل سیّدنا

ان کے دیدار کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

محمّدٍ الّذی انکشفت العلوم به لعین المختار اللّٰھم صلّ

پر کہ منکشف ہوئے علوم بسبب ان کے پسندیدہ لوگوں کی نگاہوں پر۔ اے اللہ صلوٰۃ

وسلّم علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی اٰل سیّدنا محمّدٍ الّذی رفعت

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ اٹھائے گئے ان کی بدولت

لصاحب الانوار به الاستار اللّٰھم صلّ وسلّم علٰی سیّدنا محمّدٍ

اہل انوار پر سے پردے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وّعلٰی اٰل سیّدنا محمّدٍ تقدّم به الرّوح الامین الٰی دائرة وّما

اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی بدولت آگے بڑھے روح الامین اس دائرہ تک " نہیں ہے

منّا الّا له مقامٌ مّعلومٌ اللّٰھم صلّ وسلّم علٰی سیّدنا محمّدٍ

ہم میں سے کوئی فرشتہ مگر اس کے لیے معین مقام ہے"۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وّعلٰی اٰل سیّدنا محمّدٍ قال الله له اٰیّھا الحبیب المقرّب

اور آل سیدنا محمد پر کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے انھیں اے حبیب مقرب

تھیّا لملاقات الله وحدك اللّٰھم صلّ وسلّم علٰی سیّدنا

تیار ہو جاؤ تنہائی میں اللہ تعالیٰ کی ملاقات کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

محمّدٍ وّعلٰی اٰل سیّدنا محمّدٍ زجّه الله فی النّور وعند

محمد پر اور آل سیدنا محمد پر جنھیں اللہ تعالیٰ نے آراستہ کیا نور میں (انتہاء درجہ) اور

التّناھی یقصر المتطاول اللّٰھم صلّ وسلّم علٰی سیّدنا محمّدٍ

انتہاء پر پہنچنے کے بعد کوتاہ معلوم ہوتی ہیں دراز قامتوں کی طولانیاں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سید محمد پر

وّعلٰی اٰل سیّدنا محمّدٍ الّذی انتھٰی مسراہ الٰی مستوًی یّسمع

اور آل سیدنا محمد پر جن کا معراج ختم ہوا اس مقام استواء پر کہ سنتے تھے

فیه صریر الاقلام اللّٰھم صلّ وسلّم علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی

اس میں کاتبان تقدیر کے قلموں کی آواز۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰل سیّدنا محمّدٍ سار علٰی رفرف النّور الٰی افق الاعلٰی اللّٰھم

سیدنا محمد کی آل پر جنھوں نے سیر فرمائی نورانی رفرف پر افق اعلیٰ تک۔ اے اللہ

صلّ وسلّم علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی اٰل سیّدنا محمّدٍ طار

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے پرواز کی

بجناح الاشواق الٰی مقام دنٰی فتدلّٰی اللّٰھم صلّ وسلّم علٰی

اشواق کے پروں کے ساتھ دنیٰ فتدلّیٰ کے مقام تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی اٰل سیّدنا محمّدٍ انزله فی مضیف الکرم

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جنھیں اتارا اللہ تعالیٰ نے فضل و کرم کے مہمان خانہ میں

فی روضة قاب قوسین اللّٰھم صلّ وسلّم علٰی سیّدنا محمّدٍ

قاب قوسین کے سبزہ زار میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وّعلٰی اٰل سیّدنا محمّدٍ الّذی بسط له فرّاش الدّنوّ فراش او

اور آپ کی آل پر کہ جن کے لیے بچھایا بچھانے والے نے بچھونا اَوْ اَدْنیٰ کے

ادنٰی اللّٰھم صلّ وسلّم علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی اٰل سیّدنا

قرب کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

محمّدٍ الّذی سمع من جناب الرّفیع الاعلٰی اَلسّلام علیك ایّھا

جس محبوب نے سنا رفیق اعلےٰ کی جناب سے " السلام علیک ایہا

النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

النبی و رحمۃ اللہ و برکاتہ"۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَلَقَّاهُ الْحَبِيْبُ بِالْاِكْرَامِ وَنَادَاهُ الْجَلِيْلُ

اور آپ کی آل پر جن کی ملاقات کی حبیب (اللہ) نے عزت کے ساتھ اور نداء دی ان کو رب جلیل

بِالسَّلَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

نے سلام کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ بَسَطَ مُنْقَبِضَ رَوْعَتِهٖ وَاٰنَسَ مُنْزَعِجَ وَحْشَتِهٖ اَللّٰهُمَّ

پر کہ اللہ تعالیٰ نے کشادہ فرمایا ان کے منقبض دل کو اور انس عطا کیا ان کے اضطراب و وحشت کو۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْدِيَ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب کو نداء دی گئی

بِمُخَاطَبَاتِ فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

ان خطابات کے ساتھ۔ پس وحی کی طرف اپنے عبد خاص کے جو وحی کی"۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كُوْشِفَ بِعَيْنِ وَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جنہیں مکاشفہ کرایا گیا اس آنکھ کے ساتھ

لَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الْكَرِيْمَ وَ

"البتہ تحقیق دیکھا انہوں نے اس کو دوسری دفعہ اترتے"۔ اے اللہ ان کو قائم فرما کرامت والے مقام محمود پر اور

اٰتِهِ الْفَضِيْلَةَ وَالْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ الَّتِيْ وَعَدْتَّهٗ فِي

دے انہیں فضیلت اور مقام وسیلہ اور بلند ترین درجہ موقف عظیم میں جس کا تو نے ان کے ساتھ

الْمَوْقِفِ الْعَظِيْمِ وَصَلِّ اَللّٰهُمَّ عَلَيْهِ صَلٰوةً دَآئِمَةً مُّتَّصِلَةً

وعدہ فرمایا ہے۔ اور صلواۃ بھیج اے اللہ ان پر صلواۃ دائم متصل

تَتَوَالٰى وَتَدُوْمُ وَبَلِّغْهُ سَلَامَنَا فِيْ سَلَامِكَ وَصَلَاتَنَا فِيْ صَلَاتِكَ

جو لگاتار اور مسلسل ہو اور پہنچا انہیں ہمارا سلام اپنے سلام میں اور ہماری صلواۃ اپنی صلواۃ میں

اَللّٰهُمَّ وَاٰتِهِ الْفَضِيْلَةَ وَالْوَسِيْلَةَ وَالشَّفَاعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ

اے اللہ اور عطا فرما انہیں فضیلت و وسیلہ اور شفاعت اور قائم فرما انہیں مقام محمود

الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهُ الشَّفِيْعَ الْمُرْتَضٰى وَالرَّسُوْلَ الْمُجْتَبٰى اَللّٰهُمَّ

میں جس کا تو نے وعدہ دیا ہے اس شفیع مرتضٰے اور رسول مجتبٰے کو۔ اے اللہ

سَبِّقِ الصَّلٰوةَ كُلَّهَا وَالْبَرَكَاتِ وَالسَّلَامَ وَالرِّفْعَةَ وَالْعِزَّ وَالْاَسْنَاءَ

جلدی پہنچا تمام صلوات۔ برکات۔ سلام۔ رفعت اور عزت و سربلند یا ل

وَالشَّرَفَ وَالْكَرَامَةَ كُلَّهَا اِلٰى قَبْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور شرف و کرامت تمام کی تمام سیدنا محمد کی قبر انور تک۔ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ اٰتِهِ نِهَايَةَ

وسلّم و علی اہل بیتہ الطیبین الطاہرین۔ اے اللہ عطا فرما انہیں ان مطالب کی

مَا يَسْئَلُهُ السَّآئِلُوْنَ وَمَا يَرْغَبُ بِهِ الرَّاغِبُوْنَ اَفْضَلَ وَاَطْيَبَ

انتہاء جن کا سوال کرتے ہیں سائل۔ اور جن کی رغبت رکھتے ہیں رغبت والے درآنحالیکہ وہ بہت افضل، پاکیزہ

وَاَزْكٰى وَاَنْمٰى وَاَعْلٰى وَاَقْرَبَ وَاَكْمَلَ مَاۤ اَعْطَيْتَ اَحَدًا مِّنْ

مصفٰی تر اور بہت افزوں اور اعلٰی اور قریب تر اور کامل تر ہیں ان تمام مطالب و مقامات سے جو تو نے عطا کئے

خَلْقِكَ اَجْمَعِيْنَ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَةَ نَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ

اپنی تمام مخلوق میں سے کسی فرد کو۔ اے اللہ قبول فرما ہمارے نبی سیدنا محمد کی

الْكُبْرٰى وَبَلِّغْهُ بِنَظَرِكَ اِلَيْهِ نِهَايَةَ الْبُشْرٰى اَللّٰهُمَّ بَلِّغْ رُوْحَهُ

شفاعت کبریٰ اور پہنچا انہیں نظر عنایت سے بشارت کی انتہاء تک۔ اے اللہ پہنچا ان کی روح

الطَّاهِرَةَ مِنَّاۤ اَفْضَلَ الصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ وَاجْزِهِ عَنَّاۤ اَفْضَلَ وَ

مقدسہ کو ہماری طرف سے افضل ترین صلواۃ و تسلیمات اور انہیں جزاء دے ہماری طرف سے افضل ترین اور

اَكْمَلَ مَا جَازَيْتَ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ يَا رَبَّ الْحَبِيْبِ

کامل ترین جزاء ان تمام جزاؤں سے جو تو نے کسی بھی نبی کو امت کی طرف سے دیں۔ اے اللہ اے حبیب محمد کے رب

مُحَمَّدٍ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى الْحَبِيبِ مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ الْحَبِيبَ مُحَمَّدًا
صلوٰۃ و سلام بھیج حبیب محمدؐ پر جیسے کہ تو محبوب رکھتا ہے حبیب محمدؐ کو
يَا رَبِّ بَلِّغْ سَلَامِي دَائِمًا عَلَى الْمُصْطَفَى الْمُصَفَّى التَّقِيِّ النَّقِيِّ وَيَا
اے اللہ پہنچا میرا سلام ہمیشہ مصطفیٰ مصفّیٰ تقی و نقی کو اور اے
رَبِّ بَلِّغْ سَلَامَنَا عَلَى الدَّوَامِ بِالْاِكْرَامِ عَلَى شَفِيعِ الْبَرَايَا وَلَا تُؤَاخِذْنَا
پروردگار پہنچا ہمارے سلام ہمیشہ عزت و اکرام کے ساتھ سب مخلوقات کے شفیع پر اور ہماری
بِالْخَطَايَا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ ثَوَابَ صَلَاتِي لِمَحْمُودِكَ الْمُنْتَقٰى وَسَلِّمْ
خطاؤں پر مواخذہ نہ فرما۔ اے اللہ میری صلوات کا ثواب مختص فرما اپنے قابل ستائش پاکیزہ رسول کے لیے اور سلام بھیج
عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ اَهْلِ التُّقٰى اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ وَسَلِّمْ مِنَّا عَلَيْهِ اَفْضَلَ الصَّلٰوةِ
ان پر اور ان کی متقی آل پر۔ اے اللہ پس تو ہی صلوٰۃ و سلام بھیج ہماری طرف سے ان پر افضل ترین صلوات
وَاَكْمَلَ التَّسْلِيمِ فَاِنَّا لَا نَقْدِرُ قَدْرَهُ الْعَظِيمَ وَلَا نُدْرِكُ مَا يَلِيقُ بِهٖ مِنَ
اور کامل ترین تسلیمات کیونکہ ہمیں اندازہ نہیں ہے ان کی عظیم قدر و منزلت کا اور ہم نہیں جانتے ان کے شایان شان
الْاِحْتِرَامِ وَالتَّعْظِيمِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِي الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهٗ وَفِي الْمُقَرَّبِينَ مَوَدَّتَهٗ
احترام اور تعظیم کو۔ اے اللہ بنا اہل اصطفاء میں محبت ان کی اور اہل قرب میں مودت ان کی
وَفِي الْاَعْلَيْنَ ذِكْرَهٗ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
اور اہل علو میں ذکر ان کا۔ اور سلام ہو ان پر اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکات۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي جَلَا عَرُوسُ
و سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ جلوہ گر ہوئی ان کی رونق اور مسرت کی عروس
بَهْجَتِهٖ وَسُرُورِهٖ عَلٰى سُقُفِ غُرُفَاتِ النَّعِيمِ وَقُصُورِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
جنتی نعمتوں والے بالاخانوں اور محلات کی چھتوں پر۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي جَلَا عَرُوسُ
و سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ جلوہ گر ہوئی ان کے انوکھے محاسن کی عروس

مَحَاسِنِهِ الْبَدِيعَةِ عَلٰى مَبَانِي رُتْبَتِهِ الرَّفِيعَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
ان کے رتبۂ عالیہ کی عمارات پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي جَلَا عَرُوسُ مَرْكَبِهِ الْوَجِيهِ
سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ جلوہ گر ہوئی ان کی آبرومند سواری کی عروس
عَلٰى مَجْلَا التَّنْوِيهِ وَالتَّنْزِيهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
تعظیم و تنزیہ کی جلوہ گاہ پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي جَلَا عَرُوسُ مَرْكَبِهٖ وَزَانَ فِي مَيْدَانِ
اور آپ کی آل پر کہ جن کا عروس مرکب جلوہ گر ہوا اور زینت پاگیا مسابقت کے میدان میں
الْمُسَابَقَةِ اِلٰى حَضْرَةِ الْمَلِكِ الدَّيَّانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
جزاء دینے والے بادشاہ کی بارگاہ کی طرف۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي جَلَا عَرُوسُ رِسَالَتِهٖ عَلَى الْكَوْنَيْنِ
محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ جن کا عروس رسالت جلوہ فگن ہوا کونین پر
وَاٰدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّينِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
جبکہ آدم علیہ السلام تھے پانی اور کیچڑ کے درمیان۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي جَلَا عَرُوسُ وِصَالِهٖ وَاسْتَوْلٰى يَوْمَ اَلَسْتُ
آل پر کہ جن کا عروس وصال جلوہ فگن ہوا اور غالب آگیا "روز الست کے موجودین پر" جبکہ اللہ نے فرمایا کیا نہیں میں
بِرَبِّكُمْ قَالُوا بَلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
رب تمہارا؟ تو انہوں نے کہا ہاں کیوں نہیں! اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی
مُحَمَّدِنِ الَّذِي جَلَا عَرُوسُ عِزِّهِ الْمَتِينِ عَلٰى مَعَالِي قُصُورِ اَهْلِ عِلِّيِّينَ
آل پر کہ جلوہ گر ہوا ان کی پائیدار عزت کا عروس اہل علیین کے محلات کی بلندیوں پر
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي جَلَا
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ جلوہ فگن ہوا ان کے

عَرُوْسُ مَظَاهِرِ الْإِنْسَانِيَّةِ عَلٰى غُرَرِ آفَاقِ الْعِنَايَةِ الرَّبَّانِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

مظاہر انسانیہ کا عروس عنایت ربانیہ کے آفاق کی پیشانیوں پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ جَلَا عَرُوْسُ مَعَالِمِهِ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جلوہ فگن ہوا ان کے معتاد معالم ونشانات کا عروس

الْمُعْتَادَةِ عَلٰى مَرَاكِبِ أَلْوِيَةِ أَهْلِ السَّعَادَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اہل سعادت کے پرچموں کے مراکز پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ جَلَا عَرُوْسُ سُعُوْدِهٖ وَشُهُوْدِهٖ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جن کی سعادت اور مشاہدۂ حقیقت کا عروس جلوہ فگن ہوا

وَهُوَ فِيْ ظُهُوْرِ اٰبَآئِهٖ وَجُدُوْدِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جبکہ وہ اپنے آباء و اجداد کی اصلاب میں تھے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ جَلَا عَرُوْسُ ظُهُوْرِهٖ وَفَشَا عَلٰى نَمَارِقِ

اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جن کا عروس ظہور جلوہ گر اور آشکار ہوا اختصاص کے گدوں اور قالینوں پر

التَّخْصِيْصِ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

وہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے عطا فرماتا ہے جس کو چاہتا ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ رَقِيَ الْمِعْرَاجَ بِجِسْمِهٖ وَفَضَّلَهُ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو معراج پر گئے اپنے جسم اقدس کے ساتھ اور فضیلت دی ان کو

اللّٰهُ فِيْ غَيْبِ سَابِقِ عِلْمِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اللہ تعالیٰ نے اپنے علم غیب ازلی میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ لَمْ تَكُنْ فَضِيْلَةٌ إِلَّا سَبَقَ إِلَيْهَا وَلَمْ

آپ کی آل پر کہ جو محبوب ہر فضیلت کی طرف سبقت لے گئے اور نہیں تھا

تَكُنْ مَرْتَبَةٌ شَامِخَةٌ وَّلَا مَنْزِلَةٌ فَاخِرَةٌ إِلَّا جَلَا عَرُوْسُ مُحَيَّاهُ

کوئی بلند مرتبہ اور نہ قابل فخر منزلت مگر جلوہ گر ہوا ان کی شرم و حیا کا عروس

عَلَيْهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

اس پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو

الْمُخَاطَبِ بِقَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ وَمَآ أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ

مخاطب اللہ عزوجل کے اس فرمان کے "اور نہیں مبعوث فرمایا ہم نے آپ کو مگر تمام انسانوں کے لیے

بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

بشیر اور نذیر بناکر" اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ قَادَ عِنَانَ النَّدْوٰى وَسَادَهٗ وَقَلَّدَهُ اللّٰهُ قَلَآئِدَ

کہ جس محبوب نے کھینچی باگ مجلس مشاورت کی اور اس کے سردار بنے اور پہنائے انہیں اللہ تعالیٰ نے

التَّخْصِيْصِ وَزَادَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اختصاص کے ہار اور ان کو فوقیت دی ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ وُضِعَتْ لَهٗ وِسَادَةُ التَّكْرِيْمِ عِنْدَ

ان کی آل پر کہ جن کے لیے رکھا گیا "تکیہ عزت وتکریم" کا ان کے تشریف لانے پر

وُرُوْدِهٖ وَطَلَعَ شُعَاعُ سُجُفِ الْهَوْدَجِ مِنْ مَّطَالِعِ وُجُوْدِهٖ اَللّٰهُمَّ

اور طلوع ہوئی شعاع محمل کے پردوں کی ان کے وجود مسعود کے مطالع سے ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو محبوب

سَمَا فَوْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَحْرُسُوْنَهٗ وَمَشٰى عَلٰى

بلند ہوئے تمام آسمانوں پر جبکہ ملائکہ ان کی نگہبانی کر رہے تھے اور چلے اللہ تعالیٰ کے

مَظَاهِرِ عَرْشِ اللّٰهِ وَالْحُجُبُ تُخْرَقُ دُوْنَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

عرش کے مظاہر پر اور حجابات ان کے آگے سے پھاڑے جا رہے تھے ۔ اے اللہ صلوٰۃ اور

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ طَلَآئِعَةُ الْمَلٰٓئِكَةِ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ پہلی صفوں والے ملائکہ جن کی تشریف آوری کی

مبشرات بقدومه وافاد مسراه من ما شاه بدقائق بحور علومه

بشارت دینے والے تھے اور فیضان بخشتا ان کے اسراء نے ان کے ساتھ چلنے والوں کو ان کے علمی سمندروں کے دقائق کا

اللهم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الذی وهب اهاب الهیبة واُدیرت علیه کئوس المحبة

کہ جس محبوب کو ہیبت کی خلعت بشری عطا کی گئی اور ان پر گردش میں لائے گئے محبت کے جام

اللهم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد الذی

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو متمکن ہوئے

استوی علی کرسی الجلال ممتطیا وعلی ارائك الکمال متکیا

کرسئ جلال پر سواری کی مانند اور کمال کی مزین کرسی پر اوٹ لگائے ہوئے تھے۔

اللهم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد الذی

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی

کون الکون من اجله وجمیع ما فیه تستظل بظله اللهم صل

خاطر جہان بنایا گیا اور اس جہان میں جو کچھ ہے وہ انہیں کے سایہ میں پرورش پا رہا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وسلم علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد الذی قطع

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے طے کیا

مفازة الدنیا علی جواد القناعة والجود وهو خلاصة الجود

دُنیا کے بیابان کو قناعت اور جود کے رہوار پر اور وہ خود خلاصہ و جوہر ہیں جود خداوندی کے

فی الوجود اللهم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی آل

جملہ موجودات میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سیدنا محمد الذی ارتقی الی حضرة الحقائق لا یسبقه الیها

آل پر کہ جو محبوب بلند ہوئے حضرت حقائق تک کہ نہیں سبقت لے جا سکتا ان پر ان حقائق کی طرف کوئی

سابق اللهم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا

اہل سبقت۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

محمد الذی ارتع فی حدائق القرب والوصال ووقف علی

جن کو کھلایا اور سیر کیا گیا قرب و وصال کے باغات میں اور جا ٹھہرے نجات

شاطئ النجاة والوصال اللهم صل وسلم علی سیدنا محمد

و وصال کے کنارے پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وعلی آل سیدنا محمد الذی ادار الله علیه کئوس المعرفة

اور آپ کی آل پر کہ جن پر گردش میں لایا اللہ تعالیٰ معرفت کے جام

ورقاه الله الی مقام یجل عن التکییف والصفة اللهم

اور بلندی بخشی ان کو ایسے مقام تک جس کی کیفیت و حالت بیان سے باہر ہے۔ اے اللہ

صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد الذی

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جنہیں

علمه الله جواهر العلوم فی الحضرة وکلمه الله علی بساط

اللہ تعالیٰ نے سکھلائے جواہر علوم اپنی بارگاہ میں اور کلام کیا ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے ان کی استعداد

القدرة اللهم انت القادر فالقادر هو القادر والقدرة

اور قوت برداشت کے مطابق۔ اے اللہ تو ہی صاحب قدرت ہے پس حقیقی صاحب قدرت وہی قادر ہے اور اسکی

القادر والقدرة قدرة وفی القدرة قدرة وفی التقدیر

قدرت قادر ہے اور اس کی قدرت ہی حقیقی قدرت ہے اور اس کی قدرت میں ہی قدرت ہے اور اس کی تقدیر میں

قدرة وفی التقادیر قدرة قادر ربی قدر قضاء فقهر

قدرت ہے اور تمام تقدیرات میں قادر کی قدرت (مؤثر) ہے جو میرا رب ہے۔ اس نے ازلی فیصلے خاص انداز پر کئے

اقول باقر قادر مع قرقش فی قیقوش بحق قلانس

اَلْقُطْبِ الْقَمْقَامِ الْقَنَا مَنْ فَقَرْقَرِی تَقْبَلُ بِقُبُوْلٍ قُرْبٍ قَدَّسَ
ان الفاظ کے معنی اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول اور
عَنِ الْقَرَامِ قَیَا قَیُّوْمٍ بِقَوْقَمِهَا فِیْ قَیْبَقَاتٍ بِقُفْقَفَةٍ فَقُفْقَفَةٍ فَقَهْرٍ
صاحب تصنیف ہی جانتا ہے۔
فِقَاطِنْ وَقَسِهِ فَقَنَهُ یَا قَوِیُّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ فَتَحَ لَهُ الْبَابَ وَرَفَعَ عَنْهُ
محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جن کے لیے اللہ نے اپنے (حریم ناز کا) دروازہ کھولا اور ان سے
الْحِجَابَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
حجاب اُٹھا دیا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی
مُحَمَّدِنِ الَّذِی اخْتَرَقَ الْاٰفَاقَ عَلٰی مَتْنِ الْبُرَاقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
آل پر جس محبوب نے پھاڑا اور عبور کیا آفاق کو براق پر۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ رَقِیَ سَبْعَ
و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا محمدؐ کی آل پر جو بلند ہوئے سات
الطِّبَاقِ اِلٰی حَضْرَةِ الْمَلِكِ الْخَلَّاقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
طبقاتِ سماویہ پر تا آنکہ واصل ہوئے شہنشاہِ خلاق کی بارگاہ تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَارَ بِهٖ جِبْرِیْلُ اِلٰی
محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کو لے گئے جبرئیل علیہ السلام بارگاہِ رضا
حَضْرَةِ الرِّضَا وَتَنَزَّهَ فِی الرِّیَاضِ الدُّرَّةِ الْبَیْضَآءِ اَللّٰهُمَّ
تک اور جنہوں نے سیر فرمائی سفید چمکتے موتی جیسے باغات میں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کو

اَیْقَظَهٗ جِبْرِیْلُ مِنْ مَّنَامِهٖ وَحَمَلَهٗٓ اِلٰی مَحَلِّ تَعْظِیْمِهٖ وَاِکْرَامِهٖ
بیدار کیا جبرئیل نے خواب نوشیں سے اور اُٹھا کر لے گیا انہیں ان کی عظمت وکرامت کے مقام تک
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر وہ محبوب
الَّذِیْ لَمَّا جَمَحَ الْبُرَاقُ عِنْدَ رُکُوْبِهٖ عَلَیْهِ نَادَاهُ جِبْرِیْلُ
کہ جب سرکشی کی، براق نے ان کے سوار ہوتے وقت، تو جبرئیل نے اس کو کہا
اُسْکُنْ فَمَا رَکِبَكَ اَکْرَمُ عَلَی اللّٰهِ مِنْهُ وَلَآ اَعَزُّ مِنْهُ لَدَیْهِ
سکون سے کام لے کیونکہ نہیں سوار ہوا تجھ پر ان جیسا عزیز والا نزدیک اللہ تعالیٰ کے اور ان جیسا عزیز اس کی بارگاہ میں
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ ان کی وجہ سے
اَرْفَضَ الْبُرَاقُ مِنْهُ عَرَقًا وَّارْتَعَدَتْ فَرَآئِصُهٗ حَیَآءً وَّفَرَقًا
براق کا پسینہ چھوٹ گیا اور لرزنے لگے اس کے اعضاء ازروئے شرمندگی اور خوف کے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر
الَّذِیْ سَارَ بِهِ الْبُرَاقُ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَقَطَعَهُمَا بِالطُّوْلِ
کہ جنہیں لے چلا براق درمیان آسمان اور زمین کے اور طے کیا اس نے دونوں کو
وَالْعَرْضِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
طول اور عرض میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ فَخَرَتْ بِهِ الْاَرْضُ الْمُقَدَّسَةُ بِمَسِیْرِهٖٓ
آل پر کہ فخر کیا ارض مقدسہ نے ساتھ ان کے اس کی طرف تشریف لے جانے
اِلَیْهَا وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِوَطْئِهٖ عَلَیْهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
کی وجہ سے اور جگمگا اٹھی وہ زمین آپ کے پائے ناز رکھنے سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ شَرَّفَ اللّٰهُ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ مشرف فرمایا اللہ تعالےٰ نے
الْمِعْرَاجَ بِرُقِيِّهٖ عَلَيْهِ وَاَكْرَمَ اللّٰهُ الْبُرَاقَ بِدُنُوِّهٖ مِنْهُ وَنَظْرِهٖ اِلَيْهِ
معراج (نورانی سیڑھی) کو ان کے اس پر چڑھنے سے اور عزت بخشی براق کو آپ کے اس سے قریب ہونے اور نگاہِ کرم
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ
فرمانے سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ
الَّذِىْ اَيْنَعَ غُصْنُ وِصَالِهٖ وَرَاقَ وَاخْتَرَقَ بِهِ الْبُرَاقُ مَسَاحَةَ
کہ پھلدار ہوئی ان کی شاخِ وصل اور خوش منظر اور عبور کیا آپ کی وجہ سے براق نے آفاق کی
الْاٰفَاقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
مسافت کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ
مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ كَسَاهُ اللّٰهُ بَهْجَةَ الْاِبْتِهَاجِ وَرَقَّاهُ اللّٰهُ مَعَالِمَ
اللہ تعالیٰ نے پہنائی انہیں مسرت و فرحت کی خلعت اور بلند فرمایا ان کو معراج کے بلند کنارے
قُنَّةِ الْمِعْرَاجِ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
کے معالم تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ فَتَحَ لَهٗ خَازِنُ السَّمَآءِ الْبَابَ وَلَانَ لَهٗ
کی آل پر کہ جس محبوب کے لیے آسمان کے نگران فرشتہ نے دروازہ کھولا اور نرم و نیاز مندانہ انداز میں
فِى الْخِطَابِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
گفتگو کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ
مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ حَيَّاهُ كُلُّ خَازِنٍ مِّنْ خَزَنَةِ السَّمٰوٰتِ بِالتَّنْزِيْهِ
سلام پیش کیا تمام آسمانوں کے نگران ملائکہ میں سے ہر ایک نے پاکیزگی
وَالتَّبْجِيْلِ وَقَابَلَهٗ بِالتَّرْحِيْبِ وَالتَّقْبِيْلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اور تعظیم کے ساتھ اور پیش آئے انہیں مرحبا کہتے اور دست بوسی کرتے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ
فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جن پر نازل فرمایا اللہ تعالےٰ نے (یہ قول)
وَجَلَّ عَلَيْهِ فِىْ كِتَابِهِ الْمُبِيْنِ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ اَللّٰهُمَّ
اپنی کتاب مبین میں "البتہ تحقیق دیکھا انہوں نے اس کو افق مبین پر۔" اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ فُتِحَتْ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے لیے کھولے
لَهُ السَّمٰوٰتُ بَابًا بَابًا وَّاخْتَرَقَ حُجُبَ الْعِزَّةِ حِجَابًا حِجَابًا اَللّٰهُمَّ
تمام آسمانوں کے دروازے یکے بعد دیگرے اور عبور کئے حجابات عزت یکے بعد دیگرے۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ كَانَ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جن کے آگے
جِبْرِيْلُ يَسِيْرُ اَمَامَهٗ وَالْمَلٰٓئِكَةُ خَلْفَهٗ وَقُدَّامَهٗ وَكَانَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ
چلتے تھے جبرئیل اور دوسرے ملائکہ پیچھے اور آگے تھے (بطور سپاہیوں کے) اور ملائکہ ان کو اپنے جلو میں لیے
تَحُفُّهٗ وَالْبَشَآئِرُ تَزِفُّهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
ہوئے تھے اور بشارتیں ان کا احاطہ کئے ہوئے تھیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ تَلَقَّتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ بِالتَّرْحِيْبِ وَ
آپ کی آل پر جن کی ملاقات کی ملائکہ نے مرحبا کہتے ہوئے اور
بَشَّرَتْهُ الْاَنْبِيَآءُ بِالْمَحَلِّ الرَّحِيْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
بشارت دی انبیاء نے کشادہ مقام کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ كَانَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ ملائکہ جن کے گرد
حَوْلَهٗ صَآفُّوْنَ وَبِهٖ حَآفُّوْنَ وَبِقَدْرِهٖ عَارِفُوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
صفیں باندھے ہوئے تھے اور ان کو اپنے جلو میں لیے ہوئے تھے اور ان کی قدر کو پہچانتے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِىْ حَفَّتْ بِهِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ گھیرا ڈالا ان کے گرد

الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ الْمُتَوَجِّهُ اِلٰى سِتْرِ الْجَلَالِ الْمُدَبِّحَةُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

ملائکہ نے" جبکہ وہ متوجہ تھے پردۂ جلال کی طرف" سر جھکائے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِىْ سَلَّمَ عَلَيْهِ اَبُوْهُ

سلام فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جن کو سلام پیش کیا ان کے باپ

اٰدَمُ وَجَدَّدَ مَعَهٗ حَدِيْثَ عَهْدٍ تَقَادَمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

آدم علیہ السّلام نے اور تازہ کیا ان کے ساتھ عہد قدیم کی گفتگو کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِىْ سَاَلَهٗ اٰدَمُ عَنْ حَالِهٖ

سیدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جن سے دریافت کیا حضرت آدم علیہ السّلام نے ان کا حال اور

وَبَشَّرَهٗ بِنَيْلِ وِصَالِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

بشارت دی انہیں وصلِ خداوندی کے حصول کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِىْ سَرَّ اٰدَمُ بِرُؤْيَتِهٖ وَاسْتَبْشَرَ بِاِشْرَاقِ طَلْعَتِهٖ

